# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/ 1915
Dated Peshawar, the 27/01/2025

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**
**PH # 091-9210489 Ext: (1216)**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 5TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 85th, 86th, 87th, 88th and 89th groups as at Annexure-II will be taken-up on 28th, 29th, 30th, 31st January and 03rd February 2025, respectively, for the 5th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:- www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-XI**

E. No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/ 1916-30 Dated 27/01/2025

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Senior Private Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Assistant Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The P.A to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-XI**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 5TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 85th | Tuesday 28th January, 2025 | • Finance<br>• Administration |
| 86th | Wednesday 29th January, 2025 | • Food<br>• Information & Public Relation<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 87th | Thursday 30th January, 2025 | • Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Public Health Engineering |
| 88th | Friday 31st January, 2025 | • Population Welfare<br>• Planning & Development<br>• Health<br>• Home & Tribal Affairs |
| 89th | Monday 3rd February, 2025 | • Minerals Development<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Labour<br>• Industries, Commerce & Technical Education |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 85واں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 28 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date** : Nov 11, 2024 -- 04:02 PM - Mon
**Question # 565**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 18, 2024 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضم اضلاع / سابقہ فاٹا کو NFC ایوارڈ میں شامل کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گزشتہ 5 سالوں کے دوران NFC ایوارڈ کے تحت ضم اضلاع کو ملنے والی رقم کی مکمل تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائیں۔

(ii) مذکورہ رقم کون کون سی مد میں جاری کی گئی ہے۔اور کہاں کہاں کس طریقہ کار کے تحت استعمال کی گئی ہے؟

(iii) آیا موجودہ وقت میں مذکورہ فنڈ استعمال کی جارہی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date** : Nov 21, 2024 -- 11:31 AM - Thu
**Question # 597**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے تقریباً 96 کروڑ روپے مختلف مساجد کے آئمہ کرام اور خطیب حضرات کو دینے کے لیے جاری کیے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ رقم کس سال اور کس مقصد کے تحت جاری کی گئی؟

(ii) مذکورہ رقم محکمہ اوقاف کو بائی پاس کرتے ہوئے براہ راست مختلف ڈی۔سی اوراے۔سی کے اکاؤنٹ میں کس قانون کے تحت ٹرانسفر کی گئی تفصیل فراہم کی جائیں؟

**Notice Date** : Nov 21, 2024 -- 11:32 AM - Thu
**Question # 600**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ انتظامیہ کے زیر انتظام پشاور میں سرکاری ملازمین اور افسران کے لیے رہائشی کالونیاں، گھر اور فلیٹس موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) محکمہ انتظامیہ اور اسٹیٹ افس کے زیر انتظام کس کتنے گھر، فلیٹس اور کوارٹرز ہیں؟ان تمام کی تعداد بمعہ لوکیشن فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ رہائشگاہوں میں کتنے ناقابل استعمال ہیں اور کتنے خالی ہیں؟

(iii) مذکورہ رہائشگاہوں میں ملحقہ محکمہ جات (Attached Departments) اور سیکرٹریٹ ڈیپارٹمنٹس کے لیے کتنے کتنے فیصد کوٹہ مختص ہے؟ نیز صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کو کس کیٹگری میں رکھا گیا ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date** : Dec 05, 2024 -- 03:20 PM - Thu
**Question # 633**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2025 - Mon
جناب شیر علی آفریدی صاحب , رکن صوبائی سمبلی

کیاوزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈپٹی کمشنر آفس پشاور میں آفیسرز کے استعمال کے لیے گاڑیاں موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ گاڑی نمبر AB-7001 ڈپٹی کمشنر آفس پشاور میں زیر استعمال ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ گاڑی کس آفیسر کے زیر استعمال میں کب سے ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 86واں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 29 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:44 AM - Mon
**Question # 150**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ طلباء کو مفت درسی کتب فراہم کرتا ہے؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ درسی کتب کے علاوہ غریب اور نادار طلبا کو مفت یونیفارم بھی فراہم کرتا ہے؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i)ہزارہ ڈویژن میں سال 2018 سے تاحال محکمہ تعلیم نے کس درجے تک درسی کتب فراہم کی ہیں اور حکومت کو سالانہ کتنے اخراجات اٹھانے پڑے ہیں سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔؟

(ii)حکومت نے کتنے پرائمری اور ہائی سکولوں کے بچوں کو مفت یونیفارم دی ہیں اور کتنا خرچ آیا ہے سکول وائز اور سال وائز تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:46 AM - Mon
**Question # 149**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں ایسے سکول موجود ہیں جن کی تعمیر مکمل ہونے کے باوجود بھی ان میں تعلیمی سرگرمیاں شروع نہیں کی گئیں؟

(ب)اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو ہزارہ ڈویژن میں مذکورہ سکولوں کی تعداد، مقام اور سکولوں پر صرف شدہ رقم کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:55 AM - Mon
**Question # 241** **سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Food state that:.
(a) Is it true that recruitments were made in the Caretaker government from January 2023 to 27th February 2024?
(b) If the answer is in affirmative then please provide all the recruitments detail in the following manner.
i. S No.
ii. Department
iii. Number of recruitments made
iv. Daily wage / contract/ regular / own source / etc
v. Date of recruitment
vi. Copies of recruitment letters to be provided with annexure

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:03 AM - Mon
**Question # 203** **سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Elementary & Secondary Education states that:
(a) Is it true that recruitment have been made in the caretaker government from January, 2023 to 27th February, 2024?
(b) If the answer is in affirmative then please provide detail in the following manner.
i. S No.
ii. Department
iii. Number of recruitment made
iv. Daily wage / contract/ regular / own source / etc
v. Date of recruitment
vi. Copies of recruitment letters alongwith annexes.

**Notice Date :** Jul 29, 2024 -- 02:20 PM - Mon
**Question # 357سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 02, 2024 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں ایک ٹیچر کو رجسٹرار کے عہدے پر تین ماہ سے زیادہ مدت کے لیے تعینات کیا گیا؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ خیبر پختونخوا یونیورسٹیز ایکٹ 2012 کے مطابق ایسا کرنا غیر قانونی ہے ؟

(ج)اگر (الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو۔

(i) کس قانون کے تحت مذکورہ ٹیچر کا رجسٹرار کے عہدہ پر تقرر کیا گیا۔

(ii)اس غیر قانونی تقرری کے خلاف کیا قانونی کاروائی کی گئی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 29, 2024 -- 02:22 PM - Mon
**Question # 359سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 02, 2024 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ یونیورسٹی میں موجود خزانچی کو جعلی تجربے کے سرٹیفکیٹ کے ذریعے تعینات کیا گیا ہے ؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ خزانچی کے خلاف بدعنوانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کی وجہ سے انکوائری جاری ہے ؟

(ج)اگر (الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i)ابھی تک انکوائری کیوں زیر التواء ہے ؟

(ii)قائم مقام وائس چانسلر اور رجسٹرار اس انکوائری کو آگے کیوں نہیں بڑھا رہے ؟

(iii)اس بدعنوان خزانچی کی ملازمت کی تصدیق سنڈیکیٹ کے ذریعے کیوں کرنے کی کوشش کی جاری ہے ؟

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 03:49 PM – Tue
**Question # 372 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for food state that :

(a) What is the current production per acre of wheat?

(b)What is our need for flour consumption?

(c)What is being done tangibly for ensuring that the flour production is being increased?

(d)What will be the wheat production in the coming year and accordingly flour production and would that suffice the flour demand?

**Notice Date :** Aug 05, 2024 -- 03:20 PM - Mon
**Question # 385سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ موجودہ ڈائریکٹر IM Science کو نگران حکومت کے دوران مقرر کیا گیا تھا؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)ڈائریکٹر IM Sciences کی تقرری کا طریقہ کار کیا ہے ؟

(ii))آیا نگران حکومت ڈائریکٹر کی تقرری کر سکتی تھی ؟

(iii)تقرری کے لیے قانونی تقاضے پورے کیے گئے ہیں ؟ تمام تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Aug 05, 2024 -- 04:00 PM - Mon
**Question # 389سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ 2023 میں ڈی ای او لوئر کرم اور سنٹرل کرم کی تعیناتی کے لئے ایک سمری وزیر اعلیٰ کو ارسال کی گئی تھی ؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈی ای او لوئر کرم اور سنٹرل کرم کی تعیناتی کی سمری منظوری ہوئی ہے ؟ یا نہیں ؟ اگر نہیں ہوئی تو وجوہات بتائی جائیں

**Notice Date :** Aug 19, 2024 -- 02:36 PM - Mon
**Question # 441**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 10, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیراطلاعات ونشریات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ اطلاعات خیبر پختونخوا نے صوبائی حکومت کی پبلسٹی اور ترقیاتی کاموں کے لیے مختلف اخبارات کو اشتہارات جاری کیۓ ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے اخبارات کے ساتھ ساتھ الیکٹرانک میڈیا کو بھی اشتہارات جاری کیۓ ہیں جبکہ صوبائی حکومت کی پبلسٹی مہم ایڈورٹایزنگ ایجنسی کے ساتھ ساتھ الیکٹرانک میڈیا کو بھی اشتہارات جاری کیۓ ہیں اور پبلسٹی مہم ایڈورٹایزنگ ایجنسی کے ذریعے بھی چلائی؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:-

(i) سال 2018 سے تاحال جن جن اخبارات کو ٹینڈر اور ڈسپلے اشتہار جاری کیۓ ان کے نام اور ان کی ادائیگیوں کی الگ الگ سالانہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) صوبائی حکومت نے جن الیکٹرانک اداروں اور ایجنسیوں کے ذریعے پبلسٹی کے لیے اشتہارات جاری کیۓ ان کے نام اور ادائیگیوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 09, 2024 -- 12:00 PM - Mon
**Question # 458**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 01, 2024 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایجوکیشن مانیٹرنگ اتھارٹی کے ملازمین کو پبلک سرونٹس ڈیکلیئر کیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اتھارٹی ملازمین کی دس سالہ سروس پوری ہو چکی ہے اور انکی سروس سٹرکچر، اپ گریڈیشن اور پنشن سمیت کئی ساری بنیادی حقوق سے محروم ہیں اور ان کے سروس رولز میں سروس سٹرکچر والا باب شامل نہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ اتھارٹی کے ضلعی دفاترز اور انتظامی آسامیوں کو پی ایم ایس افسروں کیلئے مختص کیا گیا ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو:-

(i) کیا مذکورہ اتھارٹی کے ملازمین کو پبلک سرونٹ بنایا گیا ہے حالانکہ آئی ایم یو ہیلتھ پراجیکٹ والوں کو سول سرونٹس کی حیثیت سے مستقلی دی گئی ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) آیا اتھارٹی کی ضلعی اور ہیڈ آفس کی انتظامی آسامیوں پر پی ایم ایس افسران کی تعیناتی سے اتھارٹی ملازمین کیلئے ترقی کا راستہ بند نہیں ہوگا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:02 AM - Wed
**Question # 464**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 01, 2024 - Tue
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور کے سکولوں کو پی ٹی سی کے ذریعے مختلف مدات میں سکولوں کی بحالی ومرمت کیلئے مالی سال 2018 تا 2023 تک فنڈز دیئے گئے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ فنڈز پوری شفافیت کے ساتھ خرچ نہیں ہوئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو میرے حلقہ نیابت پی کے-48 میں سکول وائز فنڈز جن جن مدات میں خرچ کیۓ گئے ہیں ان کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:07 AM – Wed
**Question # 466**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 01, 2024 - Tue
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2018ء سے 2023ء تک ضلع ہری پور میں (Deceased son quota) کے تحت محکمہ میں بھرتیاں کی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران بھرتی شدہ افراد، اُن کے والدین کے (Death) سرٹیفکیٹ، نام اور عہدہ کی تفصیل حلقہ وائز فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 87واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 30 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 19, 2024 -- 02:44 PM - Mon
**Question # 434** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 09, 2024 - Mon
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پشاور میں کل کتنے ٹاونز ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع پشاور میں ویلیج کونسلز/نیبر ہوڈ کونسلز بھی ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان ٹاونز اور کونسلوں کو آبادی کے تناسب سے فنڈز مہیا کیا جاتا ہے؟

(د) اگر (الف) و (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) یکم جنوری 2018 سے 31 دسمبر 2023 تک پشاور کی ویلیج کونسلز/نیبر ہوڈ کونسلز اور ٹاونز کو کتنا کتنا فنڈز مہیا کیا گیا ہے کتنا خرچ ہوا ہے، کتنا باقی ہے، ہر ایک کونسلز/ٹاونز کی سکیم وائز/ائیر وائز تفصیل فراہم کیجائے۔

**Notice Date :** Aug 23, 2024 -- 11:07 AM - Fri
**Question # 449** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 09, 2024 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں کے ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ فنڈ سے 2018 سے جون 2024 تک مختلف ترقیاتی منصوبے منظور ہوئے تھے؟ (مثلاً روڈز، پروٹیکشن بند، جرگہ ہالز، گلیوں کی مرمت سٹریٹ لائسنس وغیرہ وغیرہ)

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سکیم وائز منظوری اور حلقہ وائز اب تک جو سکیم مکمل ہوئے ہیں یا آخری مراحل میں ہیں۔ تخمینہ لاگت کے حساب سے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 29, 2024 -- 10:40 AM - Thu
**Question # 448** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 09, 2024 - Mon
جناب سردار شاہجہان یوسف صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے تمام بڑے شہروں میں صفائی ستھرائی کا کام محکمہ ہذا کے ذمہ ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) صفائی ستھرائی کا کیا طریقہ کار ہے اور اس کی حدود کونسی ہوتی ہے؟

(ii) ضلع مانسہرہ میں محکمہ بلدیات کن کن علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی کا بندوبست کرتا ہے، تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 29, 2024 -- 10:42 AM – Thu
**Question # 447** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 10, 2024 - Tue
جناب سردار شاہجہان یوسف صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں سرکاری بلڈنگ اور روڈز کی تعمیر کے لیے محکمہ مواصلات و تعمیرات کام کرتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبے میں کچھ روڈز کی تعمیر خیبر پختونخواہائی ویز اتھارٹی بھی کرتی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) محکمہ مواصلات و تعمیرات اور خیبر پختونخواہائی ویز اتھارٹی کے فنکشن کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) صوبے میں کون کون سے روڈز خیبر پختونخواہائی ویز اتھارٹی کے ذمے ہیں اور کون کون سے محکمہ مواصلات و تعمیرات کے زیر نگرانی ہیں۔

(iii) خیبر پختونخواہائی ویز اتھارٹی کے کلاس فور سے لے کر سکیل 21 کے افسران کی مکمل لسٹ بمعہ نام، عہدہ، پوسٹنگ کی جگہ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 04, 2024 -- 10:17 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 457**
**Sent to Dept Date:** Sep 10, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)تحصیل ہری پور میں 2015 سے لیکراب تک کتنی نئی واٹر سپلائی سکیمیں بنائی گئی ہیں؟

(ب) یہ سکیمیں کہاں کہاں بنائی گئیں ہیں اوران کے مکمل ہونے پر کتنی لاگت آئی ہے؟ان میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں، ہر ایک کی تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائے۔

(ج) مذکورہ عرصہ میں جس جگہ پر نئی واٹر سپلائی سکیمیں بنائی گئی ہیں وہاں کے لینڈاونر(Land Owner)کے نام وپتہ اور انتقال اراضی کی کاپی بھی فراہم کی جائے۔

(د) سال 2015 سے پہلے اس حلقہ میں کتنی واٹر سپلائی سکیمیں تھیں؟اور یہ سکیمیں کہاں کہاں موجود ہیں۔ان میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں۔اگر نان فنکشنل ہیں تواس کی وجہ کیاہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:00 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 463**
**Sent to Dept Date:** Oct 01, 2024 - Tue
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں مختلف انتخابی حلقوں میں 2013 سے اب تک انٹرنل روڈز تعمیر کئے گئے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ضلع میں کون کونسے حلقے میں کتنے کلومیٹر روڈز تعمیر کئے گئے ہیں اور ہر روڈ کی تعمیر پر کتنی لاگت آئی ہے۔حلقہ وائزویونین کونسل وائز تفصیل فراہم کریں نیز کس سال کی ADP کے تحت یہ روڈز منظور ہوئے ہیں۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:03 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 470**
**Sent to Dept Date:** Oct 01, 2024 - Tue
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ سال 2018 سے سال 2023 کے دوران پی کے-48 میں ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم میں تبدیل کیاگیاہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ حلقہ میں کتنے ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم میں تبدیل کیاہے ان میں کتنے چالو ہیں؟اور کتنے کب سے خراب حالت میں ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے نیز کیامذکورہ حلقے میں رہ جانے والے ٹیوب ویلز کو بھی سولر سسٹم میں تبدیل کیاجائے گا؟اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:13 AM – Wed
سوال نمبر**Question # 462**
**Sent to Dept Date:** Oct 02, 2024 - Wed
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)پی کے 48 ہری پور میں 2013 سے لیکراب تک کتنی نئی واٹر سپلائی سکیمیں بنائی گئی ہیں؟

(ب) یہ سکیمیں کہاں کہاں بنائی گئیں ہیں اوران کے مکمل ہونے پر کتنی لاگت آئی ہے؟ان میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں، ہر ایک کی تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کریں۔

(ج) نیز لینڈاونر(Land Owner)کے نام وپتہ اور انتقال اراضی کی کاپی بھی فراہم کریں سال 2013 سے پہلے بھی اس حلقہ میں واٹر سپلائی سکیمیں موجود تھیں۔تو ان پرانی سکیموں کی تعداد کل کتنی ہے اور یہ سکیمیں کہاں کہاں موجود ہیں۔ان میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں۔اگر نان فنکشنل ہیں تواس کی وجہ کیاہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 30, 2024 -- 04:31 PM - Mon
**Question # 487**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 07, 2024 - Mon
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لکی۔ میانوالی روڈ خیبر پختونخواہائی ویز اتھارٹی کے زیر انتظام ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ روڈ عرصہ دراز سے خستہ حالی، شکستہ پلوں اور جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے ؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سی پیک انٹر چینج سے قریب ہونے کی وجہ سے مذکورہ روڈ نے انتہائی اہمیت حاصل کی ہے ؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ روڈ کی مرمت و بحالی کے لئے صوبائی حکومت نے سال 2020 سے لے کر اب تک کل کتنی رقم خرچ کی ہے ؟ اس کی سالانہ وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز مستقبل میں مذکورہ روڈ کی مرمت و مکمل بحالی کے لئے حکومت کا کیا ارادہ ہے ؟ اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 30, 2024 -- 04:32 PM - Mon
**Question # 488**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 11, 2024 - Fri
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لکی۔ میانوالی روڈ پر درہ تنگ کے مقام پر ایک ٹول پلازہ واقع ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ٹول پلازہ کی نیلامی کی مد میں ایک خطیر رقم خیبر پختونخواہائی ویز اتھارٹی کو ملتی ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 2020 سے لے کر اب تک صوبائی حکومت کو کل کتنی رقم مذکورہ ٹول پلازہ کی نیلامی کی مد میں ملی ہے ؟ اس کی سالانہ وار تفصیل فراہم کی جائے۔ (ii) مذکورہ ٹول پلازہ کی ٹول ٹیکس سے حاصل شدہ رقم کے مصارف کیا کیا ہیں ؟ اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 21, 2024 -- 04:32 PM - Mon
**Question # 533**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

الف) آیا یہ درست ہے کہ پی ڈی اے حیات آباد کی ہسپتالوں اور ضلع پشاور کی ہسپتالوں کو کار پارکنگ کی سہولیات فراہم کرتا ہے۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) حیات آباد اور ضلع پشاور کی ہسپتالوں کو فراہم کردہ کار پارکنگ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز ہسپتالوں کے سٹاف اور مریضوں کے لواحقین کیلئے کار پارکنگ کا کیا بندوبست ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 88واں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 31 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:29 AM - Tue
**Question # 298**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بورڈ آف گورنرز کے ممبران کو قانون وقاعدہ کے مطابق نامزد کیا جاتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ایوب میڈیکل کالج اور ایوب میڈیکل انسٹی ٹیوٹ میں BOG کے تین موجودہ ممبران اسد جدون، فواد صالح اور جعفر حسین شاہ کو قواعد کے برعکس نامزد کیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:-

(i) مذکورہ نامزدگی کس قاعدہ وقانون کے تحت عمل میں لائی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)BOGs کے لئے ممبران کی نامزدگی کے طریقہ کار کی کاپی بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:31 AM - Tue
**Question # 299**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایوب میڈیکل کالج وایوب میڈیکل ٹیچنگ انسٹی ٹیوٹ کی پُرانی عمارت کی جگہ نئی عمارت تعمیر کرنے کا منصوبہ منظور ہوا تھا

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ نئی عمارت تعمیر کرنے کا منصوبہ اب ختم کیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو منصوبہ ختم کرنے / روکنے کی وجوہات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:31 PM – Tue
**Question # 401** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 13, 2024 - Tue
**Mrs/Ms Shehla Bano, Member Provincial Assembly**

Will the minister for Health state that

(a) Is it true that 19 new air conditions were stolen from Hayatabad Medical Complex?

(b) If reply of (a) is in affirmative then:

(i) What steps were taken against the culprits and in how much time the inquiry will be completed.

(ii) Who is responsible for this mishap /blunder?

(iii) Did the department suspend anyone from competent authority in this regard? Provide detail.

**Notice Date :** Aug 01, 2024 -- 11:32 AM - Thu
**Question # 396**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان میں پولیس کیلئے پولیس لائن موجود نہیں ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟۔ تا حال ضلع میں پولیس لائن کیوں نہیں بنائی گئی ہے؟ اور پولیس لائن دفتر کا قیام کب تک عمل میں لایا جائے گا۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2024 -- 12:01 PM - Thu
**Question # 373سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
جناب مخدوم زادہ محمد آفتاب حیدر صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت خیبر پختونخوا میں دوران ملازمت فوتگی اور میڈیکل بورڈ کے لئے 100 فیصد کوٹہ مختص ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ صحت میں مذکورہ کوٹہ کے تحت بھرتی اولین ترجیح ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) مذکورہ کوٹہ کے تحت بھرتی کے لئے کیا طریقہ کار اپنایا گیا۔

(ii) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں محکمہ صحت میں 2014 سے جولائی 2024 تک متذکرہ کوٹہ کے تحت کتنی بھرتیاں ہوئی ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2024 -- 02:30 PM - Thu
**Question # 391سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بنوں سب ڈویژن وزیر اور ایف آر وزیر کے لئے ایٹا میرٹ لسٹ کے تحت پولیس میں بھرتیاں ہوئی ہیں۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ بھرتیوں کی تعداد کتنی تھی؟

(ii) کیا مذکورہ بھرتیاں اشتہار مورخہ 18 فروری 2024 کے مطابق ہوئی ہیں۔اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2024 -- 02:31 PM - Thu
**Question # 390سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا محکمہ پولیس خیبر پختونخوا میں شہداء کوٹہ کے تحت کانسٹیبل اور ASI بھرتی کیے جاتے ہیں؟

(ب) بنوں ڈویژن میں پولیس شہداء کی تعداد کتنی ہے؟ اور پالیسی کے مطابق کتنی بھرتیاں سن کوٹہ کے تحت ہوئی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 19, 2024 -- 02:38 PM - Mon
**Question # 418سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 10, 2024 - Tue
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع پشاور میں امن وامان کی صورت گھمبیر ہو چکی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع پشاور میں قتل وغارت، ڈکیتی، چوری، اغواء برائے تاوان، خواتین کو حراساں کرنا اور گاڑیاں چوری ہونا معمول بن چکا ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو یکم جنوری 2018 سے اگست 2024 تک کل کتنی وارداتیں ہوئی ہیں علیحدہ علیحدہ سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 20, 2024 -- 10:32 AM – Tue
**Question # 443سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 09, 2024 - Mon
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر دیر میں تیمر گرہ میڈیکل کالج موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ میڈیکل کالج کب تعمیر کیا گیا؟ اس میں منظور شدہ آسامیوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور موجودہ وقت میں کتنا عملہ تعنیات ہے اور کون کون سی آسامیوں پر کام کر رہا ہے؟ کلاس فور سے لیکر پرنسپل تک تمام آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ کالج میں کون کون سی اور کتنی آسامیاں خالی ہیں؟ سٹاف کی کمی کو کب تک پورا کیا جائے گا۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ کالج کے موجود سٹاف نے گزشتہ 5 سالوں میں کتنی کتنی تنخواہیں لی ہیں؟ سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(iv)کالج میں اس وقت طلباء وطالبات کی تعداد کتنی ہے؟ گزشتہ 5 سالوں کی سال وائز اور کلاس وائز تعداد فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 20, 2024 -- 10:33 AM - Tue
**Question # 417**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 09, 2024 - Mon
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ڈی جی، پراونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی گریڈ20اور گریڈ21کے پراونشل مینجمنٹ کیڈر کے افسران کو ٹریننگ دیتا ہے؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ صحت کی طرف سے تاحال ڈی جی، پراونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی کو مذکورہ افسران کی ٹریننگ شروع کرنے کی اجازت نہیں دی گئی؟

(ج)اگر (الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو فنڈز ریلیز ہونے کے باوجود ڈی جی، پراونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی نے مذکورہ افسران کی ٹریننگ شروع کیوں نہیں کی؟اس کا ذمہ دار کون ہے؟ٹریننگ کب تک شروع کی جائے گی؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 23, 2024 -- 11:00 AM - Fri
**Question # 450**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 09, 2024 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ 13 جون 2024 کو وزیر اعلیٰ صاحب نے خط نمبر/ D14/10-5-14/98&C/RD/P2511 کے ذریعے خیبر پختونخوا کے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ریلیز آف فنڈ ٹو ڈسٹرکٹس کے عنوان سے ایک خط بھیجا گیا تھا۔ جس میں فنڈ کی تقسیم کا طریقہ کار کو واضح کیا گیا تھا؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع وائز اور حلقہ وائز ہر ایم پی اے کو کتنا کتنا فنڈ دیا گیا ہے تقسیم کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 23, 2024 -- 11:03 AM - Fri
**Question # 437**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 10, 2024 - Tue
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں 2013 سے لے کر جون 2024 تک ADPs سمیت وفاق کی طرف سے مختلف ترقیاتی کاموں کی مد میں فنڈز مہیا کیا گیا تھا؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سکیم وائز تقسیم (روڈ، بلڈنگ، سکول، ہسپتال وغیرہ) جتنے بھی پراجیکٹ منظور ہوئے ہیں اور جتنے مکمل ہوئے ہیں اور جن پر ابھی تک کام جاری ہیں۔ ہر پراجیکٹ کے لیے جتنی رقم ریلیز ہوئی ہے۔ پراجیکٹ وائز تخمینہ لاگت کے حساب سے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:06 AM - Wed
**Question # 474**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 30, 2024 - Mon
جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ سال 2018ء سے 2023ء تک ضلع ہری پور میں (Deceased son quota) کے تحت محکمہ میں بھرتیاں کی گئی ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران بھرتی شدہ افراد، اُن کے والدین کے (Death) سرٹیفکیٹ، نام اور عہدہ کی تفصیل حلقہ وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:09 AM - Wed
**Question # 460**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 02, 2024 - Wed
جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ سپیشل ڈیولپمنٹ یونٹ (SDU) محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کا حصہ ہے؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اسکا قیام کب عمل میں لایا گیا، یہ کونسے اُمور سرانجام دیتا ہے، اس کے ملازمین کی تعداد کتنی ہے اور ان کا سروس سٹرکچر کیا ہے؟اسکی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 89واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 03فروری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:32 PM - Tue
**Question # 382** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبکاری و محاصل وانسداد منشیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیز نے غیر قانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں؟ اور وہ گاڑیاں محکمہ نے اپنے افسران کو استعمال کرنے کے لیے دی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) محکمہ نے کتنی غیر قانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں؟ گاڑی نمبر کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کس قانون کے تحت اور کون کون سی گاڑی کس کس افسر کے پاس زیر استعمال ہیں؟ بمعہ دستاویزات تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 07, 2024 -- 03:31 PM - Wed
**Question # 403** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 13, 2024 - Tue
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the minister for Wildlife states that:

(a) What's the status of the Monal chairlift and park development project? Why has the department delayed the process of the project, especially when the current chairlift structure was classified as unsafe by foreign experts in 2019?

(b)If there is zero tree cutting , significant revenue flow to the government, and the public recreation deprivation , why hasn't the project been approved and initiated? Provide the complete details.

**Notice Date :** Nov 01, 2024 -- 04:20 PM - Fri
**Question # 584** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 26, 2024 - Tue
**جناب عبدالغنی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر محکمہ جنگلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع خیبر میں گذشتہ 4 سالوں میں نجی نرسری فارمز سے پودے خریدے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) کن کن نرسری فارم سے کتنے پودے خریدے گئے ہیں؟

(ii) ہر نرسری فارم کو کتنی ادائیگی کی گئی ہے اور محکمہ کے ذمے کتنی رقم واجب ادا ہے؟

(iii) ہر نرسری فارم کا نام، پتہ اور مالک کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 11, 2024 -- 04:07 PM – Mon
**Question # 561** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 15, 2024 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صنعت و حرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صنعت کے میدان میں نئے نئے منصوبہ بندیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین (3) سالوں کے دوران کیا کیا منصوبہ بندی کی گئی ہے؟

(ii) کون کون سے صنعت اور صنعتی تحقیق، تجارت اور سروے کی گئی ہے۔ موجودہ وقت فعال اور غیر فعال صنعت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Nov 13, 2024 -- 09:05 AM - Wed
**Question # 568** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 15, 2024 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر جنگلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی کو روکنے کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی ہے؟

**Notice Date :** Nov 18, 2024 -- 02:30 PM – Mon
**Question # 595**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2024 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر محکمہ لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ورکرویلفئیر بورڈ نے گزشتہ (5) سالوں کے دوران کتنے ترقیاتی منصوبے شروع کئے تھے اور موجودہ وقت کتنے جاری ہیں؟ گزشتہ (5) سالوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 18, 2024 -- 02:31 PM - Mon
**Question # 599**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2024 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ماحولیات وجنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کے دوران مختلف سرگرمیوں میں کتنے فنڈز کی منظوری دی گئی؟اوراس میں سے کتنا استعمال کیاگیاہے؟صوبہ کے تمام اضلاع میں استعمال کیٔے گئے فنڈز کی تفصیل بمعہ کارکردگی،کام اورنوعیت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 18, 2024 -- 02:32 PM - Mon
**Question # 592**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ ہذانے نئے ضم اضلاع میں مختلف طریقوں سے تکنیکی اور فنی تعلیم کی سرگرمیاں شروع کی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو تمام نئے ضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کی کارکردگی کی تفصیل اور خصوصاًباجوڑ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 20, 2024 -- 12:20 PM - Wed
**Question # 585**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 26, 2024 - Tue
جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صنعت وحرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں لکی سیمنٹ فیکٹری کام کررہی ہے۔جوکہ اس غریب ضلع کے روڈز،معدنیات،پانی اور دوسری بہت سی چیزیں استعمال کررہی ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ اس کے گردوغبار کی وجہ سے سارے ضلع کی عوام دمہ،سینہ اور مختلف اقسام کے امراض میں مبتلاہوچکے ہیں؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہو تواس کے بدلے ضلع لکی مروت سمیت صوبہ خیبرپختونخواکوکیاکیاسہولیات اور کس مد میں کونسی آمدن حاصل ہورہی ہے؟اور2010 سے اب تک ضلع لکی مروت سمیت صوبہ خیبرپختونخواکو کتنی Payment کی گئی ہے؟

**Notice Date :** Nov 20, 2024 -- 12:21 PM - Wed
**Question # 587**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 27, 2024 - Wed
جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں لکی سیمنٹ فیکٹری نے ماحولیاتی آلودگی کی روک تھام کیلئے اقدامات کئے ہیں؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ لکی سیمنٹ فیکٹری موسمیاتی تبدیلی،آلودگی اور دیگر مضر اثرات سے بچاؤ کیلئے بین الاقوامی اور ملکی قوانین پر عمل پیرا ہے

(د)اگرالف وب کے جوابات نفی میں ہوں تو محکمہ نے لکی سمنٹ فیکٹری کے خلاف کیاکاروائی کی ہے۔تفصیل فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Nov 25, 2024 -- 11:30 AM - Mon
**Question # 609**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2024 - Mon
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)معدنیات کی کل کتنی قسمیں ہیں۔سوپ سٹون کے علاوہ جن کمپونیوں نے لیز یااپلائی کے لیے افر کی اسکی تفصیل فراہم کریں؟

(ب)سوپ سٹون کا جوسٹاک ضلع کرم کے گوداموں کے اندر پڑاہے کیااسی طرح پڑارہے گا؟کیایہ مال خراب نہیں ہوگا؟گوداموں میں پڑامال کب تک وہاں سے نکال دیاجائے گا۔تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Dec 24, 2024 -- 02:25 PM - Tue
**Question # 629**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2025 - Mon
جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ماحولیات و جنگلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات کے تحفظ، غیر قانونی کٹائی روکنے اور جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے اقدامات اُٹھا رہے ہیں۔

(ب) آیا یہ بھی درست ہے چیتے، کالے ریچھ اور دیگر جنگلی حیات کو مارنے پر پابندی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) گھریلو مویشیوں کی تنزلی اور زرعی فصلوں کو پہنچنے والے نقصان پر جنگلی حیات کے اثرات کیا ہے، نیز جنگلی حیات کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کی تلافی کے لئے کونسی پالیسیاں لاگو کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) فارسٹ ڈویلپمنٹ فنڈ سے معاوضے کے طریقہ کار اور معیار کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 24, 2024 -- 02:26 PM – Tue
**Question # 631**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2025 - Mon
جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ماحولیات و جنگلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خون خوار جانوروں کے حملوں سے ہلاک و زخمی افراد اور گھریلو مویشیوں کو پہنچنے والے نقصانات کے ازالے کیلئے مالکان کو فارسٹ ڈویلپمنٹ فنڈ سے معاوضہ دیا جاتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے محکمہ کو جنگلی جانوروں کے حملوں سے مرنے اور زخمی ہونے والے افراد کو پی ڈی ایم اے اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بھی امدادی فنڈز فراہم کی جاتی ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ہزارہ ڈویژن تجارتی مقاصد کیلئے مختلف اقسام کے درخت کاٹے گئے ہیں؟

(د) اگر (الف) تا (ج) تک کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) اب تک فارسٹ ڈویلپمنٹ فنڈ سے جن افراد کو معاوضہ فراہم کی گئی ہے کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) جنگلی حیات کے حملوں میں زخمی یا مرنے والے افراد کے لئے PDMA یا ضلعی انتظامیہ کی طرف سے فراہم کردہ امدادی فنڈز کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) ہزارہ کے علاقے میں جنگلی سوروں اور پورکیپائنز کے خاتمے کے لئے کئے گئے مخصوص اقدامات اور استعمال کی گئی حکمت عملیوں اور ان کی تاثیر کا مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iv) ہزارہ میں تجارتی مقاصد کے لئے جو درخت کاٹے گئے ہیں یا نکالے گئے ہیں۔ ان کا ایک جامع بریک ڈاؤن فراہم کریں۔

(v) درختوں کی اقسام، نکالی گئی مقدار اور صحیح مقامات جہاں کٹائی کی سرگرمیاں ہوئیں کی بھی مکمل تفصیل فراہم کریں

**Notice Date :** Dec 24, 2024 -- 02:27 PM - Tue
**Question # 628**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2025 - Mon
جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ماحولیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہزارہ ڈویژن میں سال 2013 سے 2024 تک جنگلات لیز پر دیئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان لیزوں سے مقامی لوگوں کو کیا فائدہ پہنچا ہے اور جنگلات کے تحفظ اور حیاتیاتی تنوع کی کوششوں کو کیسے فائدہ پہنچا مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) لیز سے محکمہ اور عوام کے لئے کیا سماجی تبدیلیاں یا فوائد لائے ہیں۔ اور ان لیزوں سے کتنی ملازمتیں پیدا ہوئی ہیں؟ مقامی استفادہ کنندگان کی تعداد سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(د) کرایہ داروں کی طرف سے کیئے گئے کسی بھی کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) کے اقدامات کی تفصیل بشمول تصویری ثبوت کے ساتھ جدول کی شکل میں بریک ڈاؤن کی تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Dec 24, 2024 -- 02:28 PM - Tue
**Question # 630**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2025 - Mon
**جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ماحولیات وجنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ نامزد جنگلات کے اندر ایسی زمین بھی موجود ہیں جسے محکمہ جنگلات یا سروے آف پاکستان سمیت کسی اور اتھارٹی کے زریعے کی گئی حدبندی کے ذریعے خارج کر دیا گیا ہے؟

(ب)اگر(الف)جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)اس کی توثیق کرنے لئے استعمال کئے جانے والے طریقہ کار سمیت اس کی بھی وضاحت کریں کہ باقی ماندہ جنگلاتی زمین برطانوی دور میں قائم کی گئی اصل حدود کے مطابق ہے؟

(ii)کیاحدبندی کا عمل تمام قسم کے جنگلات کو گھیرے ہوئے ہے یا مخصوص علاقوں تک محدود ہے۔برطانوی دور کے ریکارڈیااس زمین کے لئے ملکیت کے دستاویزات جنہیں خارج کر دیا گیا ہو یا ملکیت میں تبدیلیاں کی گئی ہو کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii)رہائشی یا تجارتی زمین جو جنگلات سے خارج کی گئی ہو کی موجودہ استعمال سمیت ان زمینوں کی موجودہ مالیاتی قیمت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iv)آیا کسی محکمے نے مختص کرنے کے اس عمل کی مخالفت کی ہے یا اس میں سہولت فراہم کی ہے۔ان کی متبادل جگہوں پر غور کیا گیا تھا اور ان کی موجودہ حیثیت رہائشی ہے یا تجارتی مقاصد کے لئے مختص ہیں؟جن افراد کیلئے یہ علاقہ مختص کیا گیا ہے ان کے نام پتہ بمعہ شناختی کارڈ کاپی سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔